Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ شوال المکرم ۱۳۳۵ھ مطابق ۶ اگست ۱۹۱۷ء	نمبر ۳۲

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	اضافہ نائب میر منشی رگھبر سہائے و منشی نیم نراین	۱
۲	دربارۂ انسداد جبر دہقانان فروشندگان مجموعہ وغیرہ	۲
،،	رخصت منشی سلطان حسین مینائی ۔	۳
،،	علاقہ منصب پٹواری ہوم ڈپارٹمنٹ	۴
،،	رخصت ڈاکٹر لکشمن گنگادھر ناڈو	۵
ضمیمہ	نقشہ جات [illegible] نرخنامہ اجناس	۶

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

۲۸ جون ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ میر منشی دار الانشاء منشی رگھبر سہائے نائب میر منشی اور منشی نیم نراین اہلکار محکمۂ دار الانشاء کی موجودہ تنخواہ میں دس دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا ۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۱ جولائی ۱۹۱۱ء

در بارۂ انسداد جبر بر رعایا حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ جو لوگ کاشتکاروں سے اوپلے و بھوسہ وغیرہ تخمیر اکر لیجاتے ہیں اور مکان پر جاکر قیمت کم دیتے ہیں رپورٹ منظور رہے۔ جو ہدایا اطلاعہ بجائے۔

دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بحضور عرض میر سامانہ

جناب عالی

مواضعات قرب جوار شہر سے رعایا اوپلے و لکڑی و بھوسہ وغیرہ کی گاڑیاں بغرض فروخت کرنیکے شہر میں لاتے ہیں اُنکی بابت یہ شکایت معلوم ہوئی ہے کہ بعض لوگ دروازہ ہائے شہر پر پہونچکر یا جہاں گاڑیاں آکر ٹھیرتی ہیں وہاں پہونچکر قیمت کا تصفیہ کرکے گاڑی اپنے مکان کو لیجاتے ہیں۔ اور جب مال اُتروا لیتے ہیں تو قیمت طے شدہ سے کم رقم دیتے ہیں۔ اور غریب رعایا عذر کرتی ہے تو جبر خود اختیاری سے کام لیا جاتا ہے ایک حکم ۲۲ جون سنہ حال کو محکمہ پولیس کی نگرانی کی بابت تاکید کیگئی کہ رعایا پر کوئی جبر ہونے پاوے۔

اسکے بعد جو دام کم دینے اور ملازمان پولیس سے جھگڑا کرنے کی شکایت نسبت زاہد علی عرف ننھے صاحب ہوئی ہے اسکی نقول رپٹ کوتوالی منسلک ہذا ہیں۔ دام کاشتکار کو بعد میں پورے دلا دیے گئے۔ سلسلہ انسداد آئندہ یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بد بکار اجلاس صدر ۲۲ جون جسکی نقل شامل ہے اسکی منظوری اجلاس ہمایوں سے بایں صراحت ہوجائے کہ اگر اس قسم کی اشیا اوپلے و بھوسہ وغیرہ خریدنے پر کوئی شخص باوجود تاکید پولیس دام کم دے۔ یا نہ دے۔ تو پولیس سے اس بابت اجلاس ہذا میں رپورٹ ہونا چاہیے۔ اور فروشندہ کا پرچہ پولیس میں لکھ لیا جاوے۔ اجلاس سے خریدار کو پورے دام دینے کی بابت حکم دیا جائیگا۔ دام دیدیے گئے۔ تو کاشتکار کو طلب کرکے دام انکو دلا دیے جاوینگے۔ اجلاس کی تاکید پر بھی دام پورے نہ دیے گئے تو اجلاس سے حسب دفعہ تعزیرات ہند پولیس کو کارروائی کرنے کا حکم دیدیا جائیگا۔ اس عمل سے امید ہے کہ رعایائے علاقہ پر جبر کا انسداد ہوجائیگا۔ بغرض صدور حکم کاغذات متعلقہ ارسال حضور ہیں۔ والادب

عرضی

پیشگاہ و دستخط صاحب الہمدیان پیرس سکرٹری
مورخہ ۱۸ جولائی ۱۹۱۱ء

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکرٹری بہادر

رخصت

۲۸ جولائی ۱۹۱۱ء

حسب پیشی درخواست منشی سلطان حسین صاحب مینائی اہلمد اجلاس ہمایوں رخصت یکماہ من ابتدائے ۲۰ جولائی سنہ رواں بغرض معالجہ برادر حقیقی بذریعہ حضور علیجاہ اہلمد اجلاس ہمایوں منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

عطائے لقب

۲۸ جولائی ۱۹۱۱ء

حسب الحکم اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم امجد علیخان اہلمد اجلاس ہوم سکرٹری صاحب بہادر و نائب پیشکار صیغہ ہوم ڈپارٹمنٹ کے لقب سے ملقب کیے گئے مگر کام اہلمدی ہی بدستور انجام دینگے۔

رخصت

۳۱ جولائی ۱۹۱۱ء

حسب تحریر انچارج اسسٹنٹ سرجن صاحب رخصت پندرہ روزہ ڈاکٹر گلشن گنگا دھر ناتھ منظور ہوئی۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۷ر جولائی لغایت ۲ر اگست ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲۷ر جولائی ۱۹۱۶ء یوم جمعہ	۳	۸۱	۱۲	۱۰۷	۱۰	۲۰۵	۹	۹۲	۰	۸۰	۹	۸۸
۲۸ر " " " شنبہ	۲	۸۳	۱	۱۰۸	۱۵	۲۲۰	۵	۹۷	۱۸	۹۸	۰	۸۸
۲۹ر " " " یکشنبہ	۱	۸۴	۰	۱۰۸	۰	۲۲۰	۰	۹۷	۰	۹۸	۰	۸۸
۳۰ر " " " دوشنبہ	۱۰	۹۴	۲۳	۱۳۱	۰	۲۲۰	۰	۹۷	۰	۹۸	۲۲	۱۱۰
۳۱ر " " " سہ شنبہ	ر۵	۹۴ر۵	۰	۱۳۱	۱۳	۲۳۳	۵	۱۰۲	۲	۱۰۰	۰	۱۱۰
یکم اگست ۱۹۱۶ء یوم چہارشنبہ	۱ر۵	۹۶	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۲۳۳	۱۵	۱۱۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۲	۱۱۲
۲ر " " " پنجشنبہ	۲	۹۸	۰	"	۲	۲۳۵	۰	۱۱۷	۰	"	۱	۱۱۳

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۳۰ر جولائی لغایت ۵ر اگست ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۷ار	۰	۰۹ار	۱۰ار	۱۰ار۱۰ار	۰	شاہ آباد و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود قالبی	۱۱ار	۰	۰۱۲ار	۱۳ار	۱۶ار	۰	
نخود بے تمیز	۱۳ار	۰	۱۵ار	۱۵ار	۰۱۶ار	۰	
[illegible]	۱۵ار	۰	۰۱۵ار	۱۶ار	۰۱۷ار	۰	
ماش	۸ار	۰	۸ار	۰۵ار	۰۷ار	۰	
مونگ	۰۹ار	۰	۸ار	۰	۰۶ار	۰	
مکا	۱۱ار	۰	۰۱۲ار	۱۰ار	۰۱۶ار	۰	
جئی	۱۷ار	۰	۱۳ار	۰۱۳ار	۳۰ار	۰	
کودی	۰	۰	۱۲ار	۱۶ار	۱۶ار	۰	
عدس	۰۹ار	۰	۱۰ار	۰	۱۰ار	۰	
ارہر	۱۳ار	۰	۱۵ار	۰	۱۵ار	۰	
برنج	۰۶ار	۰	۰۶ار	[illegible]	[illegible]	۰	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	۰ار	۰ار	۰	
روغن سیاہ	۱۲ار	۰	۱ار	۳ار	۲ار	۰	
روغن کنجد	۰۱ار	۰	۲ار	۱ار	۱۰۱ار	۰	
نمک سانبھر	۱۰ار	۰	۱۱ار	۱۱ار	۱۱ار	۰	
نمک لاہوری	۴ار	۰	۲ار	۸ار	۱۰ار	۰	
قند سیاہ	۳ار	۰	۳ار	۳ار	۰۳ار	۰	
بادشیرہ	۷ار	۰	۰	۰	۷ار	۰	